تبصرے

فتاوی رحیمیہ جلد اول از جناب مولانا سید عبد الرحیم صاحب لاجپوری تقطیع کلاں،

ضخامت چار سو صفحات، کتابت و طباعت بہتر۔ قیمت مجلد عشہ روپیہ۔ پتہ:۔ عطرستان چوک بازار سورت (گجرات)

مولانا سید عبد الرحیم صاحب گجرات کے مشہور اور بلند پایہ عالم و فاضل بزرگ ہیں۔ آپ کے فتاوے سالہا سال تک بالالتزام گجراتی زبان کے ماہنامہ "پیغام" میں شائع ہو کر کتاب کی صورت میں بھی دو جلدوں میں طبع ہو کر عام ہو چکے ہیں۔ زیر تبصرہ کتاب انہیں فتاوی کی جلد اوّل کا اردو ترجمہ ہے۔ ترجمہ در اصل کیا ہے مولوی نور محمد پٹیل مولوی احمد خان پوری اور مولوی ولی احمد سینتپوری صاحبان نے مل جل کر۔ لیکن اردو زبان کے محاورہ کے مطابق اس کی نوک پلک درست کی ہے مولانا محمد میاں صاحب شیخ الحدیث مدرسہ امینیہ دہلی نے۔ اور ان مراحل سے گذرنے کے بعد اب یہ ترجمہ اس درجہ شستہ اور شگفتہ ہے کہ اس کو ترجمہ سمجھنا مشکل ہے۔ سب سے اصل فتاوی اس جلد کتاب الایمان۔ کتاب العلم۔ اور کتاب الطہارۃ پر مشتمل ہے۔ اول الذکر دو باب مختصر ہیں۔ لیکن تیسرا باب بہت طویل ہے اور اس میں وضو۔ نماز وغیرہ کے مسائل گڈمڈ ہو گئے ہیں۔ بہر حال سیکڑوں ضروری مسائل ہیں جو اس جلد میں آگئے ہیں۔ اور ان کے جوابات یعنی فتاوی کی صورت یہ ہے کہ چند ایک کو مستثنیٰ کر کے عموماً یہ فتاوی خوب مفصل اور مبسوط ہیں۔ جو کچھ لکھا ہے مدلل اور حوالہ کے ساتھ لکھا ہے اور حوالہ میں بھی کتاب کے نام پر اکتفا نہیں کیا۔ بلکہ اصل عبارتیں نقل کر دی ہیں اس لئے فتاوی تو بہت طویل ہو گئے ہیں۔ اگرچہ سب فتاوی سے اتفاق مشکل ہے لیکن اس میں شبہ نہیں کہ مولانا کا مطالعہ وسیع ہے۔ اس لئے عوام کے علاوہ عربی مدارس کے اساتذہ اور طلبا بھی اس سے